پریس ریلیز

جنرل ہسپتال گائنی لیبر روم ایمرجنسی میں مریضوں کیلئے سہولیات میں اضافہ

مریضوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر سرجیکل آلات کی کٹس 10 سے بڑھا کر 40 کر دیں

زچگی و سرجری کیلئے آنے والی خواتین انتظار کی زحمت سے بچ جائیں گی:پروفیسر الفرید ظفر

جراثیم سے پاک طبی آلات،انفیکشن فری ماحول سے مریض جلد شفاءیاب ہوتے ہیں:پرنسپل پی جی ایم آئی

لاہور 17اپریل:......پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے جنرل ہسپتال کے لیبر روم کو سٹیٹ آف دی آرٹ بنانے کے لئے بڑا اقدام اٹھایا ہے جو گائنی کے مریضوں کو بروقت معیاری طبی سہولیات بہم پہنچانے اور ماں و بچہ کی صحت کے لئے تازہ ہوا کا جھونکا ثابت ہوگا۔اس ضمن میں لاہور جنرل ہسپتال کے لیبر روم وایمرجنسی میں مریضوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر سرجیکل آلات کی کٹس میں خاطر خواہ اضافہ کر دیا ہے تا کہ ڈلیوری و دیگر سرجری کے سلسلے میں آنے والی خواتین کو انتظار کی زحمت گوارا نہ کرنی پڑے اور انہیں سٹرالائز (جراثیم سے پاک) آلات فوری طور پر میسر آسکیں اوران کا آپریشن بروقت ممکن ہو۔اس حوالے سے شعبہ گائنی ایمرجنسی کی فوکل پرسن ڈاکٹر لیلیٰ شفیق نے بتایا کہ لیبر روم میں کٹس کی تعداد 10 سے بڑھا کر 40 کر دی گئی ہے جس سے خواتین مریضوں کو خاطر خواہ مدد حاصل ہوگی ۔اس موقع پر ڈاکٹر لیلیٰ شفیق کے علاوہ انور سلطانہ،زیب النساء،نسرین ہاشمی،کشور صدیق اور شائستہ رزاق بھی موجود تھیں۔

میڈیا سے گفتگو میں معروف گائناکالوجسٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ لیبر روم آپریشن تھیٹر میں انفیکشن فری ماحول کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی اقدامات اٹھائے گئے ہیں تا کہ آپریشن کے مرحلہ سے گزرنے والی خواتین سرجری کے بعد کسی قسم کی پیچیدگی میں مبتلا ہو کر زیادہ دیر تک ہسپتال نہ رہیں اوران کے زخم جلد مندمل ہو جائیں۔پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج نے مزید کہا کہ انفیکشن فری ماحول کا ایک فائدہ یہ بھی ہوگا کہ "سی سیکشن" کرانے والی خواتین و نومولود بچے بھی انفیکشن سے محفوظ رہ سکیں گے اوران شیر خوار بچوں کی صحت پر کمپرومائز نہیں ہوگا۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ حمل کے دوران عطائی ڈاکٹروں اور غیر تربیت یافتہ دائیوں کی بجائے مستند لیڈی ڈاکٹرز اور ایل ایچ وی سے معائنہ کروایا جائے تا کہ زچگی کے وقت کسی سنگین صورتحال کا سامنا نہ کرنا پڑے اور زچہ و بچہ کی زندگی کو خطرات لاحق نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب سردار عثمان بزدار اور صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد شہریوں کو مفت طبی سہولیات بہم پہنچانے کیلئے سرگرم عمل ہیں بالخصوص پنجاب میں نئے ہسپتالوں کی تعمیر سے علاج معالجہ کا معیار بلند ہوگا۔

☆☆☆☆☆